## مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن محمد فیصل یونس کو فائرنگ کر کے بیدردی سے قتل کردیا

## شہید اپنے بچے کو نفیس آباد چھوڑنے پہنچے تو پہلے سے موجود دہشت گردوں نے موٹر سائیکل سے بچے کو اتار کر پھینکنے کے بعد محمد فیصل یونس کو فائرنگ کر کے شہید کردیا

## محمد فیصل یونس شہید کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپردخاک کردیا گیا، رابطہ کمیٹی، اراکین اسمبلی اور کارکنان کی شرکت

کراچی ---18، جولائی 2009ء

مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے متحدہ قومی موومنٹ پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن محمد فیصل یونس کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر بیدردی سے قتل کردیا۔تفصیلات کے مطابق محمد فیصل یونس شہید ہفتہ کی صبح اپنے کم عمر بیٹے کو نفیس آباد میں چھوڑنے کیلئے پہنچے ہی تھے کہ وہاں پہلے سے موجود مسلح دہشت گردوں نے انہیں گھیر لیا اور موٹر سائیکل سے ان کے بچے کو اتار کر پھینکنے کے بعد محمد فیصل یونس کو فائرنگ کر کے شہید کردیا۔شہید کی عمر 35 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ اور چار بیٹے شامل ہیں۔محمد فیصل کی شہادت کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد عباسی شہید اسپتال پہنچ گئے جہاں شہید کے عزیز واقارب اور کارکنان شدت غم سے نڈھال تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رور ہے تھے،انہوں نے سوگواران کو دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔بعدازاں محمد فیصل یونس شہید کو لیاقت آبادسی ایریا کے قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپردخاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اویس مسجد نفیس آباد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد،حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت،حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل،حق پرست رکن صوبائی اسمبلی مزمل قریشی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین وکونسلرز،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین،ایم کیوایم پی آئی بی اور لیاقت آباد سیکٹرز کمیٹیوں کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن محمد فیصل یونس کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن---18، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن محمد فیصل یونس کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر کے کارکن محمد فیصل یونس کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

## ایم کیوایم نے طالبانائزیشن کے خلاف مئوثر اور واحد آواز بلند کی، طالبان کی سرپرست قوتیں ایم کیوایم کو اس جرم کی سزا دے رہی ہیں

## ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں ایم کیوایم کے کارکنان کو نشانہ بنانے کے واقعات ہر محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہیں

کراچی ---18، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن محمد فیصل یونس کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کے تسلسل کے ساتھ ہونے والے ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کو ہر محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم نے طالبانائزیشن کے خلاف جو مؤثر اور واحد آواز بلند کی تھی آج ان ہی سرپرست قوتیں ایم کیوایم کو اس جرم کی سزا دے رہی ہیں اور انہوں نے دہشت گردوں کو ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کے قتل کا لائسنس دیدیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جولائی کے مہینے میں ایم کیوایم کے 19 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جاچکا ہے جبکہ بعض صحافیوں،کالم نگاروں اور تجزیہ نگاروں کی جانب سے ایم کیوایم کے زخموں پر مرہم رکھنے کے بجائے الٹا ایسی فضا پیدا کی جارہی ہے جس سے یہ تاثر ابھر کر سامنے آئے کہ ان واقعات میں ایم کیوایم ملوث ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی اور اس کے عوام کی دعویدار نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں کراچی میں ہونے والے ہر احسن

اقدام کا کریڈٹ لینے کی کوشش کرتی ہیں اور جب بھی کراچی میں سازشی منصوبے کے تحت قتل وغارتگری کا بازار گرم کیا جاتا ہے وہ اس کی ذمہ داری سے خود کو مستثنیٰ تصور کرتی ہیں اور اس کا الزام بغیر ثبوت وشواہد ایم کیوایم پر عائد کردیتی ہیں جو سیاست کے زریں اصولوں کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی اور اس کے عوام کے خلاف ہونے والی ہر سازش کا مردانہ وار مقابلہ کرتی چلی آئی ہے اور اس مرتبہ بھی سازشی عناصر کو منہ کی کھانی پڑے گی۔ رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور ماضی کی طرح سازشی عناصر کے منصوبوں کا خاک میں ملادیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ محمد فیصل یونس کے بہیمانہ قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ٹارگٹ کلنگ میں ملوث دہشت گرد عناصر کے خلاف فی الفور کارروائی کی جائے اور اس کے پیچھے کارفرما عناصر کو بے نقاب کیا جائے۔

## کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان، ہمدردوں کے قتل کے مسلسل واقعات منتخب حکومت اور جمہوریت کے خلاف سازش ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی عدالتی تحقیقات کرائی جائے۔ نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کی ہنگامی پریس کانفرنس

کراچی۔۔۔18، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان، ہمدردوں کے قتل کے مسلسل واقعات کو منتخب حکومت اور جمہوریت کے خلاف سازش قرار دیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی عدالتی تحقیقات کرائی جائے۔ یہ مطالبہ ہفتہ کے روز رابطہ کمیٹی کے رکن محمد رضا ہارون نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، کنور خالد یونس، قاسم علی رضا، ڈاکٹر صغیر احمد اور سیف یار خان بھی موجود تھے۔ ایک سوال کے جواب میں رضا ہارون نے کہا کہ طالبان سے ہمدردی اور ان کی حمایت کرنے والے جرائم پیشہ، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کے دہشت گرد کراچی میں ہونے والی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث ہیں اور ان کو بے نقاب کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ پریس کانفرنس کے متن کے مطابق رابطہ کمیٹی نے کہا کہ آپ اور آپ کے توسط سے ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات اور ان واقعات کے پس پردہ کراچی کے امن کو تباہ کرنے اور جمہوری نظام کو غیر مستحکم کرنے کی سازش سے آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردوں کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ جاری ہے اور آج صبح بھی مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن محمد فیصل یونس کو فائرنگ کا نشانہ بنا کر شہید کردیا۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون)۔ محمد فیصل آج صبح موٹر سائیکل پر اپنے کمسن بیٹے کو نفیس آباد میں چھوڑنے کیلئے پہنچے ہی تھے کہ وہاں پہلے سے موجود مسلح دہشت گردوں نے انہیں گھیر لیا اور موٹر سائیکل سے بچے کو اتار کر پھینکنے کے بعد محمد فیصل یونس کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، کارکنان، ہمدردوں اور منتخب نمائندوں کی ٹارگٹ کلنگ کے مسلسل واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور ان واقعات کو منتخب حکومت اور ملک میں جاری جمہوری عمل اور کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سات ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 31 کارکنان وہمدردوں کو شہید کیا جاچکا ہے جبکہ صرف جون 2009ء سے آج کے دن تک ایم کیوایم کے 19 کارکنان، ہمدردوں اور منتخب نمائندوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے اور ماہ رواں میں 8 کارکنان وہمدردوں کو شہید کیا جاچکا ہے ہمارا واضح مؤقف ہے کہ قتل کسی بھی بے گناہ شہری کا کیا جائے وہ قابل مذمت ہے اور کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے تمام واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور ان واقعات کو شہر کا امن خراب کرنے کی سازش قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ امر انتہائی افسوسناک اور شرمناک ہے کہ ایک جانب ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب ایک گھناؤنی سازش کے تحت ایم کیوایم کو کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا ذمہ دار بھی قرار دیا جارہا ہے۔ ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کی شہادتوں کے مسلسل واقعات کے باوجود بعض صحافیوں، کالم نگاروں اور تجزیہ نگاروں کی جانب سے بغیر کسی ثبوت وشواہد کے دہشت گردی اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی ذمہ داری ایم کیوایم پر عائد کرکے اس خفیہ ہاتھ کو بچانے کی کوشش کی جارہی ہے جو کراچی میں دہشت گردی اور قتل وغارتگری کے ذریعے منتخب حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی سازش میں مصروف ہے۔ یہ وہی خفیہ ہاتھ ہے جس نے ماضی میں متعدد مرتبہ منتخب حکومت کو غیر مستحکم کرنے کیلئے کراچی میں پختون مہاجر فسادات اور فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کی تھی اور ان سازشوں میں ناکامی کے بعد کراچی میں بے گناہ شہریوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہر کا امن وامان خراب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے تاکہ عوام میں خوف وہراس پھیلایا جاسکے اور ایک مرتبہ پھر جمہوریت کو ڈی ریل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی انتہاپسندی اور طالبانائزیشن کے حوالہ سے ٹھوس

اوراصولی موقف رکھتی ہے،جن عناصر کوطالبانائزیشن کے خلاف قائدتحریک جناب الطاف حسین کااصولی مئوقف ایک آنکھ نہیں بھارہاہے وہی عناصر کراچی میں امن وامان کو بگاڑنے کی سازشوں میں مصروف ہیں ۔ایم کیوایم نے نہ صرف طالبانائزیشن کے خلاف صدائے حق بلند کی بلکہ طالبان کی خودساختہ ڈنڈابرداراورکلاشنکوفی شریعت کے خلاف خواتین کی سب بڑی ریلی نکالی اورایم کیوایم واحدجماعت تھی جس نے ہمت وجرات کامظاہرہ کرکےقومی اسمبلی میں نام نہادنظام عدل ریگولیشن کی بھرپورمخالفت کی ۔انہوں نے کہاکہ ان حالات میں جبکہ مسلح افواج اورقانون نافذکرنے والےاداروں کے دیگراہلکارپاکستان کی بقاوسلامتی کیلئے مذہبی انتہاپسندوں اورطالبان دہشت گردوں کیخلاف آپریشن میں مصروف ہیں اورملک بھرکےاعتدال پسندعوام مسلح افواج کی بھرپورحمایت بھی کررہے ہیں،ان حالات میں منتخب حکومت کےخلاف سازشیں کرنااورجمہوریت کوڈی ریل کرنانہ صرف ملک وقوم کےمفادمیں نہیں ہے بلکہ اس طرح کی سازشیں دہشت گردطالبان کے خلاف کی جانے والی کارروائی کوبھی متاثرکرسکتی ہے ۔جوعناصرمسلح افواج کی کارروائیوں اورجمہوری حکومت کی کاوشوں کوسبوتاژکرنے کیلئے کراچی میں خون کی ہولی کھیل رہے ہیں وہ ملک وقوم اورانسانیت کے کھلے دشمن ہیں ۔انہوں نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم سیدیوسف رضاگیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ سےمطالبہ کرتے ہیں کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کی ہلاکتوں کےواقعات کاسنجیدگی سےنوٹس لیاجائے۔عدالتی تحقیقات کےذریعہ سفاک قاتلوں کوبےنقاب کرکےعوام کےسامنےلایاجائےاورانہیں سخت سے سخت سزادی جائے خواں ان کاتعلق کس بھی سیاسی ومذہبی جماعت سے کیوں نہ ہو۔انہوں نے کراچی میں دہشت گردی اورقتل وغارتگری کانشانہ بننے والےایم کیوایم کےکارکنان سمیت تمام افرادکےسوگوارلوحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہارکرتے ہیں اورانھیں یقین دلاتے ہیں کہ ایم کیوایم ان کےغم میں برابرکی شریک ہے۔

## 2009ءمیں شہیدہونےوالےایم کیوایم کےکارکنان وہمدردوں کی فہرست

| نمبر | نام | ولدیت | یونٹ | سیکٹر | واقعہ کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|
| -1 | محمدفیصل یونس | محمدیونس | 57 | پی آئی سیکٹر | 18جولائی2009ء |
| -2 | عبدالنعیم | عبدالمجید | 71 | کورنگی سیکٹر | 16جولائی2009ء |
| -3 | عبدالحفیظ بابو | عبداللطیف | 188 | ناظم آباد گلبہارسیکٹر | 15جولائی2009ء |
| -4 | سراج الدین شیخ | نظام الدین شیخ | 28 | رنچھوڑلائن سیکٹر | 14جولائی2009ء |
| -5 | محمدارسلان فصیح | فصیح الدین | 106 | شاہ فیصل سیکٹر | 13جولائی2009ء |
| -6 | محمدارشدنقی | محمدنقی | 148 | فیڈرل بی ایریاسیکٹر | 12جولائی2009ء |
| -7 | محمدیاسین چھیپہ | احمدعلی | 33 | لیاری سیکٹر | 12جولائی2009 |
| -8 | محمدصادق جلال | عبدالرحمان | UC-6 | بن قاسم سیکٹر | 11جولائی2009ء |
| -9 | شیرمحمدقریشی | کلوخان | 135-A | نیوکراچی سیکٹر | 10جولائی2009ء |
| -10 | عبدالرشیدانصاری | غلام رسول انصاری | UC-5 | تیسرٹاؤن (گڈاپ) | 28جون2009ء |
| -11 | عتیق الرحمان | شفیق الرحمان | 34 | رنچھوڑلائن سیکٹر | 20جون2009ء |
| -12 | رضاءاللہ | چاندبادشاہ | 19 | لیاری سیکٹر | 7جون2009ء |
| -13 | حاجی فقیرمحمد | عبدالغنی | 19 | لیاری سیکٹر | 7جون2009ء |
| -14 | شیرازالدین احمد | سراج الدین | 67-B | گلشن اقبال سیکٹر | 6جون2009ء |
| -15 | فاروق صدیقی | عمردرازصدیقی | 84 | لانڈھی سیکٹر | 6جون2009ء |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| -16 | اجمل معین | معین خان | 105 | شاہ فیصل سیکٹر | 6جون2009ء |
| -17 | خان شیر خان | ہمیش خان | نیو کراچی پی پی اوسی | نیو کراچی سیکٹر | 5جون2009ء |
| 18۔ | محمد ارشد | محمد اشفاق | ایوب گوٹھ یونٹ | اسکیم 33 معمار سیکٹر | 4جون2009ء |
| -19 | محمد خالد انصاری | عبدالرحمان | 97 | ملیر سیکٹر | 4جون2009ء |
| -20 | عادل عظیم کاظمی | رفعت عظیم کاظم | یونٹ ۔A | گلستان جوہر | 16مئی 2009 |
| -21 | رضوان حفیظ | حفیظ | 109 | شاہ فیصل سیکٹر | 29اپریل2009ء |
| -22 | محمد دین | عالم شیر | 108 | شاہ فیصل سیکٹر | 29اپریل2009ء |
| -23 | محمد شاہد | محمد فرید | 137-A | نارتھ کراچی | 29اپریل2009ء |
| -24 | محمود خلیل | ابراہیم خلیل | UC-13 | پی پی اوسی، نارتھ کراچی سیکٹر | 29اپریل2009ء |
| -25 | ظفر احمد | اخلاق احمد | 52 | لائنز ایریا سیکٹر | 27اپریل2009ء |
| -26 | محمد رضوان | اسلام الدین | 145 | فیڈرل بی ایریا سیکٹر | 17اپریل2009ء |
| -27 | محمد شہنشاہ جعفری | جعفری | 108 | شاہ فیصل سیکٹر | 19مارچ2009ء |
| -28 | ذیشان حیدر | حیدر عابدی | -108 | شاہ فیصل سیکٹر | 19مارچ2009ء |
| -29 | ندیم بیگ | شمیم بیگ | 97 | ملیر سیکٹر | 8مارچ2009ء |
| -30 | عبیداللہ | محمد غلام | 140-B | نیو کراچی سیکٹر | 27فروری2009ء |
| -31 | ظفر خان | گل رحمان | UC-2 | آگرہ تاج کالونی | 18جنوری2009ء |

## پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نفیس صدیقی کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

**ملکی وبین الاقوامی صورتحال، دہشت گردی کے خلاف مسلح افواج کی جراتمندانہ کارروائیوں اور سیاسی حالات پر تفصیلی بات چیت**

**دونوں رہنماؤں کا بلوچستان کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال پر اظہار تشویش، بلوچستان کے مسئلے کے حل کیلئے حکومتی سطح پر فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے**

**لوڈ شیڈنگ، توانائی کے سنگین بحران، پیٹرولیئم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، غربت، بیروزگاری اور دیگر مسائل پر بھی تبادلہ خیال**

لندن۔۔۔18 جولائی2009ء

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما جناب نفیس صدیقی نے گزشتہ روز ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی و بین الاقوامی صورتحال، پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف مسلح افواج کی جانب سے کی جانیوالی جراتمندانہ کارروائیوں، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور اس امر پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے مسئلے کے حل کیلئے حکومتی سطح پر فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ملاقات میں ملک میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ، توانائی کے سنگین ہوتے ہوئے بحران، پیٹرولیئم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، مہنگائی، غربت وبیروزگاری اور عوام کو درپیش دیگر مسائل اور پریشانیوں میں اضافہ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## برساتی پانی کی نکاسی اور صحت وصفائی کے انتظامات پر بھرپور توجہ دیں
## حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو الطاف حسین کی ہدایت

لندن۔۔۔18؍جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست منتخب نمائندوں بلدیاتی کو ہدایت کی ہے کہ وہ برسات کے موسم میں کراچی سمیت سندھ بھر میں نکاسی آب اور صحت و صفائی کے انتظامات پر بھرپور توجہ دیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مون سون کی پہلی برسات پر سندھ کے عوام کو شدید گرمی سے نجات ملی ہے اور شہریوں نے سکھ کا سانس لیا ہے۔انہوں نے دعا کی مون سون کی برسات ملک بھر کے عوام کے لئے رحمت باراں ثابت ہو۔جناب الطاف حسین نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل،حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین،حق پرست کونسلرز، ڈسٹرکٹ ناظم حیدرآباد کنور نوید جمیل، نائب ڈسٹرکٹ ناظم ظفر راجپوت اور سندھ بھر کے تمام حق پرست نمائندوں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے شہروں اور علاقوں میں برسات کے پانی کی نکاسی اور صحت وصفائی کے انتظامات پر بھرپور توجہ دیں اور شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وزراء اور ٹاؤن ناظمین کا بارش سے متاثرہ شہر کا ہنگامی دورہ

کراچی۔۔۔18؍جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی قاسم علی رضا، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون اور ٹاؤن ناظم جمشید ٹاؤن جاوید احمد نے ہفتے کی شب شدید بارش کے دوران شہر کے مختلف زیرآب علاقوں کا مشترکہ دورہ کیا جبکہ دیگر حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن و یوسی ناظمین اور کونسلرز نے بھی اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ افراد کیلئے امداد اور بحالی کی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ان ارکان رابطہ کمیٹی نے شہر کا کئی گھنٹوں پر مشتمل تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے عوام سے ان کے مسائل معلوم کیے اور انہیں جلد حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔عوام سے مختلف مقامات پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شدید بارش جہاں ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے وہاں یہ ایک آزمائش ہے جس سے نمٹنے کیلئے نہ صرف متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن مصروف عمل ہے جبکہ ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین سینکڑوں کونسلرز ایم کیو ایم کے ہزاروں کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار دن رات سڑکوں اور متاثرہ علاقوں میں موجود ہیں اور شہر بھر میں نکاسی آب اور صفائی وستھرائی کے حوالے سے سڑکوں، شاہراہوں اور اپنے اپنے علاقوں میں ہمہ وقت موجود ہیں اور یہ اس وقت اپنے اپنے علاقوں اور سڑکوں پر موجود رہیں گے جب تک شہر کے حالات معمول پر نہیں آجاتے۔دریں اثناء حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ناظمین، کونسلرز اور ایم کیو ایم کے کارکنوں نے شہر بھر میں بارش سے متاثر ہونے والے افراد کی بحالی کیلئے ان کی مدد کی ان کے گھروں میں جمع شدہ بارش کا پانی نکالا اور نشیبی علاقوں کے عوام کو محفوظ مقامات پر پہنچایا اور ان کیلئے خوراک اور ضروری ادویات کا انتظام کیا جبکہ ایم کیو ایم کے سینکڑوں کارکنوں نے ٹریفک کی بحالی کیلئے ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کیا اور بارش سے متاثرین کی امداد و بحالی کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔

## سندھ بھر میں بارش کے باعث مختلف حادثات میں ہلاکتوں پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔18؍جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی اور حیدرآباد سمیت سندھ بھر میں شدید بارشوں کے باعث مختلف حادثات میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مختلف حادثات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے تنظیم نو کے سلسلے میں ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے 9 سیکٹرز اور 47 یونٹس کے انچارجز اور کمیٹیوں کا اعلان کردیا
## یم کیو ایم کے کارکنان سب سے مختلف ہیں اور ان کا عمل و کردار معاشرے میں منفرد ہے، وسیم آفتاب

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے سیکٹرز اور یونٹس کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔18، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیم نو کے سلسلے میں ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے 9 سیکٹرز اور 47 یونٹس کے انچارجز اور کمیٹیوں کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب، شاکر علی اور ڈاکٹر صغیر احمد نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔ تنظیم نو کے اجلاس میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے سیکٹرز اور یونٹس سے تعلق رکھنے والے مختلف قومیتوں برادریوں کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ کارکنان اپنی اصلاح کا عمل جاری رکھیں اور اپنے اندر اجتماعیت کواجاگر کریں کیونکہ ایم کیوایم کے کارکنان سب سے مختلف ہیں اوران کا عمل وکردار معاشرے میں منفرد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے اور ملک میں رائج فرسودہ کرپٹ استحصالی نظام کا خاتمہ چاہتی ہے۔ وسیم آفتاب نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے درمیان تنظیمی رشتہ کو مزید استوار کریں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## عوام وکارکنان محمد عثمان کی ہمشیرہ بلقیس حسن کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔ 18 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اور یو کے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد عثمان خان کی ہمشیرہ محترمہ بلقیس حسن کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ بلقیس حسن کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ واضح رہے کہ محترمہ بلقیس حسن گزشتہ کئی روز سے شدید علیل ہیں۔

## عوام وکارکنان محمد اقبال قریشی کی صاحبزادی یاسمین کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔ 18 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹنڈو والہ یار زون یونٹ B-4 کے جوائنٹ انچارج محمد اقبال قریشی کی چھ سالہ صاحبزادی یاسمین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ماؤں بہنوں بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ یاسمین کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ واضح رہے کہ چھ سالہ یاسمین دماغ میں رسولی کے سبب شدید علیل ہیں اور وہ مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## میٹرک کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن اور کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کو اے پی ایم ایس او کی مبارکباد

کراچی۔۔۔18، جولائی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن نے ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت میٹرک کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن اور کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں اے پی ایم ایس او کے ترجمان نے کہا کہ طلباء اپنی تعلیم کے ساتھ ساتھ اپنے اندر وہ اہلیت پیدا کریں جس سے ملک کے مستقبل کو تابناک بنایا جاسکے۔ ترجمان نے کہا کہ باشعور نوجوان ہی قوموں کا اثاثہ ہوتے ہیں اور تعلیم کے حصول کے ذریعے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ میٹرک کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن اور کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات اپنی تعلیمی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھیں

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ایم کیوایم لیاقت آباد یونٹ 162 کے شہید کارکن قدوس احمد خان کے بھائی ارشد احمد خان، ایم کیوایم ٹنڈ والہ یار زون یونٹ گوٹھ علی کے کارکن یاسین راجپوت کی والدہ محترمہ زیتون، ایم کیوایم سانگھر زون یونٹ لنڈو کے جوائنٹ یونٹ انچارج معشوق علی کے والد اللہ ورایو، ایم کیوایم لائنیز ایریا سیکٹر یونٹ 53 کے کارکن ولی اللہ کے والد آفتاب حسین، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن سجاد خان کے بھائی یوسف خان، ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ بیرانی کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد الیاس کی والدہ محترمہ گیانو، ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ شاہ پور چاکر کے کارکن ندیم حسین شاہ کے والد صابر حسین شاہ، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ A-103 کے کارکن سرفراز کی والدہ محترمہ عاقلہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دل تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## اے پی ایم ایس او نے سیکٹر ''ڈی'' کے یونٹس کی تنظیم نو کا اعلان کردیا
## علم کے بغیر قومیں ترقی نہیں کرسکتیں، ارشاد احمد، دانش احمد
## ملیر ڈگری کالج میں سیکٹر ڈی کے یونٹس کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔18، جولائی2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن نے سیکٹر ''ڈی'' کے یونٹس کی تنظیم نو کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان اے پی ایم ایس او کے جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد اور فنانس سیکریٹری دانش احمد نے ملیر ڈگری کالج میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں سیکٹر ڈی کے تعلیمی اداروں کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اے پی ایم ایس او نے سیکٹر ڈی کے جن یونٹس کی تنظیم نو کا اعلان کیا ہے کہ ان میں سپریئر کامرس ایوننگ کالج، گورنمنٹ لیاقت ڈگری کالج، لانڈھی مونوٹیکنیک مارننگ انسٹی ٹیوٹ، لانڈھی سائنس کامرس کالج، گورنمنٹ زمان آباد کالج، جامعہ ملیہ کیمپ کالج 51/A مونوٹیکنیک کالج، گورنمنٹ سپریئر سائنس اینڈ کامرس مارننگ کالج، گورنمنٹ ملیر سائنس اینڈ کامرس کالج، گورنمنٹ قائداعظم ڈگری کالج، لانڈھی مونوٹیکنیک ایوننگ کالج کے یونٹس شامل ہیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اے پی ایم ایس او کے جوائنٹ سکریٹری ارشاد احمد اور فنانس سیکریٹری دانش احمد نے کہا کہ علم کے بغیر قومیں ترقی نہیں کرسکتیں اور اے پی ایم ایس او علم کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریکوں میں تنظیم نو کا عمل تحریکوں کی کامیابی کی ضمانت ہے اور تنظیم نو کے عمل سے تحریکوں میں نئے اور باصلاحیت کارکنان کو بھی اپنی صلاحیتیں آزمانے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق حصول علم پر بھرپور توجہ دیں اور حق پرستی کے پیغام کو عام کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆